ہے پرے سرحدِ ادراک سے اپنا مسجود
قبلہ کو اہلِ نظر قبلہ نما کہتے ہیں!

(غالب)

بہار نمبر

پرتاپ

حصّہ اُردو

:نگران:

پروفیسر نندلال کول طالب کاشمیری - پروفیسر راجہ ایم مقبول احمد خاں

سٹوڈنٹ ایڈیٹرز

جاوید کاشمیری - اعجاز کاشمیری متعلم بی اے کلاس

جائنٹ ایڈیٹرز:- نذیر احمد - دیو دت لشٹو لشور متعلم بی اے کلاس

معاونین:- نذیر احمد خاں - محی الدین پرسے متعلم بی اے کلاس

حجازی پریس لاہور بیرون موری گیٹ میں باہتمام پنڈت کاہن چند منیجر پرنٹر و پبلشر چھپا

فہرست مضامین

شذرات

"پرتاپ" کا شعبۂ اردو جو مقبولیت عوام میں حاصل کر چکا ہے وہ اس کی گزشتہ اشاعتوں سے اظہر من الشمس ہے۔ اس کی ہر دلعزیزی کی نسبت کچھ کہنا اپنے مُنہ میاں مٹھو بننا ہے۔ "پرتاپ" کی موجودہ اشاعت کو جو قارئین تک پہنچ رہی ہے۔ کامیاب بنانے کیلئے ہر ممکن کوشش کی گئی ہے۔ پچھلی اشاعتوں میں ہندستان کے بعض اہل قلم حضرات کے مضامین شائع کئے گئے۔ لیکن اس دفعہ کچھ تو عدم گنجائش کے باعث اور کچھ عدیم الفرصت رہنے کے سبب سے ہم کوئی ایسا مضمون پیش کرنے سے قاصر رہے اور ہمیں کالج کے، مضمون نگاروں کے مضامین ہی پر اکتفا کرنا پڑا

ہمیں کالج کے اکثر مضمون نگار حضرات سے خصوصیت سے ایک شکوہ ہے وہ یہ کہ اُن کے خط کی بے ربطی سے نہ صرف ایڈیٹر کو دقتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ بلکہ اُن کے مضامین خواہ وہ علمی ہوں یا ادبی تاریخی ہوں یا مزاحیہ بعض اوقات اسی وجہ اشاعت سے رہ جاتے ہیں۔ ہم ان حضرات سے التجا کرتے ہیں کہ جہاں وہ اپنے مضامین سے ایڈیٹر کو احسانمند بناتے ہیں۔ وہاں وہ اپنے خط کی صفائی سے اس کو مزید ممنوں فرمائیں

ہم اپنے قلمی معاونین کے مرہونِ منت ہیں اور اُمید رکھتے ہیں۔ کہ آیندہ بھی وہ "پرتاپ" کو کامیاب بنانے کے لئے حتی الوسع کوشش کرینگے۔ ہم چند ایک مضامین اس دفعہ عدم گنجائش کی وجہ سے شائع نہیں کر سکے۔ انشاء اللہ دوسری اشاعت میں ضرور شائع کئے جائیں گے

"پرتاپ" کا شعبۂ اردو طالبات کی کم توجہی کا رونا رو رہا ہے۔ امید واثق ہے۔ کہ آیندہ وہ ہمیں ایسی شکایات کا موقع نہ دینگی۔ اور ہمیں اپنے افکار و خیالات سے مستفید ہونے کا فخر بخشیں گی۔

ہم پروفیسر آر۔ سی پنڈتا۔ پروفیسر ایس۔ ایل۔ پنڈتا اور پروفیسر ڈاکٹر نظیر الاسلام کی آمد پر اظہار مسرت کرتے ہیں ساتھ ہی اپنے محبوب پروفیسر چاند نرائن بہادر اور خصوصاً پروفیسر جیا لال کول صاحب کی جدائی کی گہرائیوں سے محسوس کرتے ہیں یہاں ہم پروفیسر نند لال کول صاحب طالب کاشمیری کا شکریہ ادا کئے بغیر نہیں رہ سکتے جنہوں نے بعض نا قابل اشاعت مضامین کی صحت فرما کر ان کو قابل اشاعت بنا دیا ہے۔

(سٹوڈنٹ ایڈیٹرز)

دعوتِ پرواز

(از خواجہ عبد السمیع صاحب پال اثر صہبائی)

تیرے بازو میں اگر کچھ بھی ہے قوت باقی
تیرے دل میں ہے اگر کچھ بھی حرارت باقی

گر ترے سر میں ابھی ذوقِ جنوں ہے کچھ بھی
گر ترے تن میں ابھی گرمئ خوں ہے کچھ بھی

روح میں کچھ بھی اگر تاب و تواں باقی ہے
گر ترے سینے میں تھوڑی سی بھی جاں باقی ہے

اک بھی پیمانہ اگر ہے ترے میخانے میں
ایک بھی قطرہ اگر ہے ترے پیمانے میں

کچھ بھی باقی ہے اگر طاقتِ پروازِ خیال
گر نہیں ٹوٹ چکا شہپرِ شہبازِ خیال!

آ مرے ساتھ تجھے عرش پہ پہنچاؤں گا
عرش کیا شئے ہے پرے اس سے بھی لے جاؤں گا

چار ناکام ماہرینِ علومِ مختلفہ

صبح کا سہانا وقت تھا۔ اور پیاری اور سہادنی بادِ نسیم کلفت زدوں کے چہروں سے گردِ کلفت دور کر رہی تھی۔ اتنے میں ایک چوراہے پر چار اشخاص آپس میں آملے۔ ہر ایک دوسرے سے پُرسانِ حال ہوا۔ کہ کون کس شہر سے دہاں رونق افروز ہوا۔ اور قدوم میمنت لزوم سے اُس دشتِ پُر خار کو کیونکر گلزار بنایا؟ ہر ایک نے بانالۂ دفغاں اپنی سرگزشت بیان کی۔ اور ہر ایک کا مدعا بجز تلاشِ معاش کے اور کچھ نہ تھا۔ جس کے واسطے سفر اختیار کیا گیا تھا۔ اُن میں سے ایک باآوازِ بلند گر ترنم کے ساتھ یہ اشعار گانے لگا۔

ظاہر میں گرچہ بیٹھا لوگوں کے درمیاں ہوں
پَر یہ خبر نہیں ہے میں کون ہوں کہاں ہوں

اے ساکنانِ دُنیا آرام دو گے اک شب
بچھڑا ہوں دوستوں سے گُم کردہ کارواں ہوں

پھر وہ کہنے لگا کہ میں علم موسیقی کے سفرۂ نعمت کا زلّہ ربا ہوں۔ دوسرے نے کہا کہ میں علم طبعی اور فلاسفی کا دلدادہ۔ تیسرا بولا مجھے علم صرف نحو میں یدِطولےٰ حاصل ہے۔ چوتھے نے اپنے دُرجِ دہن سے یہ بات نکالی میں انجینیرنگ کا مشتاق اور اس علم کے دریا کا پورا شناور ہوں۔ یہ سب کہہ کر وہ آگے چلتے گئے۔ کہیں دم نہ لیا۔ ایک مقام پر پہنچکر وہ سوچنے لگے۔ کہ اب کیا کرنا چاہیئے۔ سوچتے سوچتے آخر اس نتیجہ پر پہنچے۔ کہ نوکری کے بغیر چارہ نہیں۔ اتفاق رائے سے انہوں نے یہ فیصلہ کیا۔ کہ کسی بڑے راجے کے پاس چلیں۔ اور اپنے علوم پر کافی دست رس ہونے کا سکہ اُس کے دل پہ بٹھاکر دربار میں اعلےٰ عہدوں پر فائز ہو جائیں تاکہ زندگانی کے باقی ایّام بہ عیش تمام بسر کریں۔ آخر وہ ایک بڑے شہر میں پہنچے۔ شہر کیا تھا۔ بہشت کا نمونہ۔ بلکہ بات بات میں خُلد کو مات کرتا تھا۔ انہوں نے کچھ دیر تک سیر کی اور وہاں کے حالات سے آگاہی پائی۔ کچھ کھایا پیا اور بستر استراحت پر لیٹ گئے۔ اپنی تکان کو دُور کیا۔ پھر چاروں نے لباسِ فاخرہ میں ملبوس ہو کر راجہ صاحب کے دربار میں جانے کا قصد کیا۔ چند گھنٹوں کی مسافت کے بعد وہ راجہ کے محل کے دروازے پر پہنچے۔ ایک کاغذ پر اپنے نام لکھکر پیش کار کے ذریعے راجہ کی خدمت میں بھیجے۔ راجہ صاحب نے چاروں کو اندر بُلایا اور پوچھا۔ تم کون ہو؟ اور کس غرض سے آئے ہو؟ انہوں نے آداب شاہی بجا لاکر عرض کی ہم مختلف عُلوم کے ماہرین ہیں۔ اور بغرض حصولِ ملازمت خدمتِ بابرکت میں حاضر ہوئے ہیں۔ بادشاہ نے اپنے وزیر سے کہا کہ وہ ان کا امتحان لے اور اپنا اطمینان کرے کہ جن علوم میں یہ ماہر ہیں۔ اُن میں ان کو کس قدر عبوُر حاصل ہے۔ وزیر تھا تو ابلغ البلغا۔ لیکن پرلے درجے کا فندی۔ منحوس۔ کنجوس اور مکھی چوس۔ وہ نہیں چاہتا تھا۔ کہ کوئی راجہ کے فیضِ بحرِ بے پایاں سے اپنی پیاس بجھائے۔ وہ چاروں کو ایک اور قصبے میں لے گیا۔ اور اُن سے پوچھا کہ کون کس علم میں ماہر ہے۔ ہر ایک نے اپنی اپنی کیفیت سنائی۔ وزیر نے کہا کہ میں پہلے آپ سے کھانا پکانے کا امتحان لونگا۔ کیونکہ یہ ہر فردِ بشر کے لئے ضروری ہے۔ کہ وہ کھانا پکانا جانے۔ انہوں نے جواب دیا کہ آج خوش قسمتی سے آپ سا قدردان ہاتھ آیا ہے۔ اس میں ہمیں کیا اعتراض ہے ہم اس کے واسطے ہر طرح تیار ہیں۔

وزیر نے کچھ پیسے سائنس جاننے والے کو دیئے اور کہا کہ آپ چار آنے کا گھی خرید لائیں۔ بازار کوئی

تین میل کے فاصلے پر تھا۔ بہر حال اُس نے تعمیل میں تعجیل کی۔ پھر ماہر صرف نحو کو چار آنے دئے اور دہی
لانے کا ارشاد فرمایا۔ انجینئر صاحب کو چار آنے پیسے دئے اور لکڑی خریدنے کے واسطے بازار روانہ کیا۔ پھر
علم موسیقی کے صاحب اُستاد سے کہنے لگے کہ آپ تب تک ایک چولھا تیار کریں۔ یہ ہانڈی ہے اس کو
پانی سے بھر دیں۔ اور چولھے پر چڑھا دیں۔ چند لکڑیاں موجود ہیں۔ ان سے اس ہانڈی کو آنچ دیتے
جائیں۔ جب تک آپ کے ساتھی واپس آ جائیں گے۔

وزیر صاحب ایک پڑوسی کے کاشانہ میں رونق افروز ہوئے اور ایک روزن سے سب کچھ مشاہدہ
کرنے لگے۔ جب پانی کے اُبلنے کی صدا آنے لگی گویئے پر وجد کی حالت طاری ہونے لگی۔ اور کہنے لگا۔ واہ
وا! قدرتی ساز بج رہا ہے۔ یہ بھی کوئی مقام ہے کہ میں سکوت اختیار کر دوں۔ کیوں نہ گاؤں۔ دوسروں کو
وجد میں کیوں نہ لاؤں۔ مختلف اقسام کی تانیں اُڑانے لگا۔ لیکن پانی کے اُبلنے کی صدا اُس کے سُر اور راگنی کیساتھ
نہ ملی۔ آخر ایک لکڑی اُٹھائی اور ہانڈی کے ڈھکنے سے تال بجانے لگا۔ لیکن کجا طنبورہ اور رباب اور کہاں
ہانڈی کے ڈھکنے کی صدا۔ کبھی بھیرویں راگ چھیڑا اور کبھی ملہار کبھی دیپک اور کبھی مال کوس۔ اُس کو ترنم کی
چاشنی کچھ بھی معلوم نہ ہوئی۔ اور نہ کوئی سُر ان مصنوعی سازوں کے ساتھ مل سکا۔ جب تنگ آیا تو ایک پتھر
اٹھایا اور ہانڈی کو چکنا چور کیا۔ اور کہا مگوڑی۔ لنکا کی لنگورنی نہ تجھ میں تال اور نہ تجھ میں سُر۔ ہو جائے تیرا
ستیاناس۔ وزیر صاحب سب کچھ مشاہدہ کر رہے تھے ہنسی سے اُن کے پیٹ میں بل پڑ گئے۔ اور چلا کر
بولے۔ کہ بھائی کھانا پکانے میں تو آپ نے وہ کمال کر دیا کہ باید و شاید۔ مرحبا! احسنت!! صد آفرین!!!

اس کو ادھر ہی رہنے دیجئے۔ اور صرف و نحو والے کا قصہ گوش گزار کیجئے۔ وہ بچارا شامت کا مارا
ایک دہی بیچنے والی کے پاس گیا۔ اور کہا دہی ہے؟ دہی بیچنے والی نے جواب دیا کہ بہت میٹھا دہی ہے
کہنے لگا۔ دہی مونث ہے۔ نہ کہ مذکر۔ وہ سمجھی کہ دریدہ دہن ہے۔ دشنام دیتا ہے۔ غصے ہو کر کہا کہ مونث
تمہارا باپ اور مذکر تمہاری ماں۔ اس نے کہا کہ نہیں میری ماں مونث اور میرا باپ مذکر۔ اس پر وہ
شور مچانے لگی۔ اور گھر والوں کو بلایا۔ اور کہا یہ بدمعاش بے نقط سناتا ہے۔ وہ اُس پر ٹوٹ پڑے اور
وہ گت بنائی کہ توبہ ہی بھلی۔ بچارا گرتا پڑتا واپس قصبے کی طرف آیا اور وزیر صاحب سے سب کچھ برملا کہہ سنایا
کہ یہ شہر نہیں قہر ہے۔ یہاں کی زباندانی سے میں پورا پورا واقف ہو گیا۔

اب انجینئر صاحب کی طرف متوجہ ہو جئیے۔ وہ ایک ہیزم فروش کی دوکان میں آ ڈٹے۔ اور

چار آنے پیسے دیکر لکڑی خریدنے کا طلبگار ہوا۔ دوکاندار نے چند موٹی موٹی لکڑیاں اٹھائیں اور وزن کر کے انجینیئر صاحب کے سامنے رکھ دیں۔ انجینئر صاحب کے پاس بجز ایک ماپنے کے فیتے کے اور کچھ نہ تھا۔ انہوں نے فیتہ نکالا اور لکڑیاں ماپنے میں مصروف ہو گئے۔ لیکن ماپیں تو کس طرح؟ یہ تو کھردری تھیں۔ اپنے دل میں کہنے لگے نہ تو یہ مستطیل کی شکل میں ہیں اور نہ مربع کی شکل میں۔ خیر ان کی لمبائی ہی ماپی جائے لمبائی ماپ کر کچھ سوچنے لگے۔ لکڑی فروش نے خیال کیا۔ کہ شاید یہ چھوٹے چھوٹے ایندھن کے ٹکڑوں کا طلبگار ہے۔ اس نے یہ لکڑیاں واپس اٹھائیں اور چھوٹی چھوٹی وزن کر کے دے دیں۔ اِن کی تعداد اب ۳۰ بیس تیس کے لگ بھگ تھی۔ انجینئر صاحب نے دیکھا کہ پیمائش کرنے سے تو ان کی پیمائش ۱۰۰ سو سوا ۱۲۵ سو فٹ تک تجاوز کر گئی۔ تو کہنے لگے۔ عجیب اندھیر نگری چوپٹ راج ہے۔ پہلے تو تقریباً چالیس فٹ دیئے اور اب سوا ۱۲۵ سو فٹ دینے لگا۔ یہ کہکر وہ ہیزم فروش سے جھگڑنے لگے۔ کہ میں لکڑیوں کی پوری پیمائش کس طرح لے سکتا ہوں؟ نہ تو یہ مستطیل کی شکل میں ہیں۔ اور نہ مربع کی شکل میں۔ ہیزم فروش تو تضادات کا رذیل وہ اس کی نرالی منطق کو نہ سمجھ سکا۔ اُٹھا اور اس کی گردن ماپی۔ بیچارا اوندھے مُنہ گر پڑا۔ ہیزم فروش نے اسی پر اکتفا نہ کی۔ اُوپر سے اتنی لاٹھیاں برسائیں کہ کوئی آدھ گھنٹہ تک یہ بیچارا بیہوش پڑا رہا۔ آخر تھوڑی دیر کے بعد افتاں وخیزاں، غلطاں و پیچاں واپس قصبے کی طرف مراجعت کی اور اپنا سارا ماجرا وزیر صاحب کو سنایا۔

اب چوتھے آفت کے مارے، حرماں نصیب کی طرف اپنی توجہ مبذول فرمایئے۔ وہ علم منطق اور سائنس کے ماہر تھے۔ اُن کا گزر جب بازار سے ہوا تو ایک دوکان سے گھی خریدا کٹوری گھی سے پُر تھی۔ اور اُن کے مَن میں کچھ اور ہی دُھن تھی۔ خرام ناز سے قصبے کی طرف چلے آ رہے تھے۔ آخر جس بحرِ تفکر میں غرق تھے اُس نے عملی جامہ اختیار کیا۔ یعنی وہ یہ سوچنے لگے کہ آیا گھی کٹوری کے سہارے ہے یا کٹوری گھی کے سہارے۔ وہ اسی خیال میں تقریباً گھنٹہ بھر محو رہے اور آخر جب ذرا عالمِ بیداری کی ہوا کھائی تو کہنے لگے کہ اس وقت یہ تجربے کا موقع ہے بھاڑ میں جائے کھانا پکانا، چولھے میں جائے نوکری۔ میں دنیائے سائنس میں ایک بیش بہا اضافہ اپنے تجربے سے کروں گا۔ یہ کہکر فی الفور گھی کی بھری ہوئی کٹوری اُنڈیل دی۔ گھی سارے کا سارا گر پڑا اور اس نے کہا کہ گھی ہی کٹورے کے سہارے قائم تھا۔ خیر یہ معلوم کر کے شاداں و فرحاں قصبے کی طرف لوٹ آیا۔ اور اپنے تجربے کا سارا حال وزیر صاحب کو سنایا۔ وزیر صاحب تو پہلے سے ہی ہنسنے کی مشین کے ڈرائیو بنے ہوئے تھے۔ اب فلاسفر صاحب کے تجربے نے اُن کی ہنسی کیلئے مزید ساماں مہیا کیا۔ وہ ان سب کو راجہ صاحب کے پاس لے گئے۔ اور

جو کچھ واقع ہوا تھا. من وعن سب بیان کر دیا. راجہ صاحب بھی ہنستے ہنستے لوٹن کبوتر بن گئے. اور حکم صادر فرمایا. کہ یہ قصہ بہ آب زر لکھ کر شاہی کتب خانہ میں داخل کیا جائے اور چاروں حرماں نصیب. کور بخت شور طالع اپنے اپنے وطن کی طرف چلتے بنے۔

پی. این. واچخو
ایف. اے سٹوڈنٹ

غزل

(از بلبل بی. اے)

عیب سے آواز دیتا ہے ہمیں کوئی سروش
راز ہستی ہے نہاں الفت میں سن اے حق بیہوش

کھل رہے ہیں پھول اب فصل شباب آئیکو ہے
دیکھنا یہ ہے کہ اُن سے کیا کرے گا گلفروش

کیوں میسر ہو نہ جائے لذتِ ناز و نیاز
عیب داری ہم میں جب ہو آپ جب ہو عیب پوش

تم کو کہتے ہیں دوائے درد دِل دیتے ہو درد
اس کو کہتے ہیں میاں گندم نما و جو فروش

وقت رحلت سب نظر آتے ہیں کندھوں پر سوار
اس سے ثابت ہے کہ ہر انسان ہے خانہ بدوش

شبنم افشانی مری تربت پہ کرتا ہے کوئی
فاتحہ پڑھتا ہے آکر روز کوئی پردہ پوش

دے گئی باد خزاں ہے گل کے جانے کا پیام
اس لئے شاخ شجر پہ آج بلبل ہے خموش

غالب اور علم تصوّف

شیخ عبدالقادر جیلانیؒ تصوّف کی تعریف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں "تصوّف نام ہے دل کو تمام کدورتوں سے پاک و صاف کرنے کی حالت کا" لیکن صفائی قلب یا نور بصیرت اس وقت تک ایک طالب حق کیلئے ناممکن ہے۔ جبتک کہ اس کا دل تجلیاتِ ربانی سے مستفید نہ ہو جائے دوئی کا طلسمی پہاڑ راہ ہدایت سے نہ ہٹے اور وسعتِ نظر اس انتہا پر نہ پہنچ جائے جس پر پہنچکر مرزا غالب نے فرمایا ہے ؂

قطرہ میں دجلہ دکھائی نہ دے اور جزو میں کل
کھیل لڑکوں کا ہوا دیدۂ بینا نہ ہوا

حقیقت یہ ہے کہ صوفیاء کرام منازلِ روحانیت میں نہ زمانے کی نیرنگیوں کے شکار ہو جاتے ہیں۔ اور نہ ملکوں کا قرب و بعد ان کے جذبات میں کوئی نمایاں فرق ڈالتا ہے۔ وہ عشق کی صحرا نوردیوں میں ایک کیفیت محسوس کرتے ہیں جس میں دنیا و مافیہا کی حقیقت اُن پر منکشف ہوتی ہے۔ اس احساس کو مرزا غالب نے یوں بیان کیا ہے:۔

اصل شہود و شاہد و مشہود ایک ہے
حیران ہوں پھر مشاہدہ ہے کس حساب میں

ہے مشتمل نمودِ صور پر وجودِ بحر
یاں کیا دھرا ہے قطرہ و موج و حباب میں

امام محمد غزالیؒ نے جو صوفیاء اسلام میں سب سے زیادہ قابل ذکر ہیں، وجود حیات کی تعریف یوں کی ہے "ہم نیند میں مست ہیں، جب مرینگے، تو بیدار ہو جائینگے" مرزا غالب فرماتے ہیں ؂

ہے غیب غیب جس کو سمجھتے ہیں ہم شہود
ہیں خواب میں ہنوز جو جاگے ہیں خواب میں

اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ امام صاحبؒ کا فرمانا محض ایک خیال ہی نہیں۔ بلکہ ایک حقیقی کیفیت کی ترجمانی ہے۔

عشق و محبت کا سلسلہ قائم ہونے پر صوفیوں کے تصوّر میں خود بخود استحکام اور قوت پیدا ہوتی ہے صوفی بے اختیار بول اٹھتا ہے ؎

دل کے آئینے میں ہے تصویرِ یار۔ جب ذرا گردن جھکائی دیکھ لی

مومن دہلوی کا شعر ہے ؎

تم میرے پاس ہوتے ہو گویا۔ جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

لیکن تصوّر جو عمارتِ تصوّف کا بنیادی پتھر ہے۔ شروع ہی سے صوفی کو اپنے وجود کی اصلیت سے آگاہ کرتا ہے اور وہ اپنی ہستی کو آفتابِ روحانیت کے سامنے ایک ذرّہ ناچیز خیال کرتا ہے۔ دیکھئے اس بارے میں مرزا غالب کیا فرماتے ہیں ؎

پرتوِ خور سے ہے شبنم کو فنا کی تعلیم میں بھی ہوں ایک عنایت کی نظر ہونے تک

اس سے امام محمد غزالیؒ کے قول کی مزید تائید ہوتی ہے۔ لیکن صوفیوں کا تصوّر مختلف جذبات کے تحت مختلف آثار پیش کرتا ہے۔ اس لئے طالبِ حق اپنے وجود کو بحرِ عرفاں میں کبھی کبھی قطب نما خیال کر کے مرزا کے اس مصرعہ کا مصداق بن جاتا ہے ؎

فنا تعلیم درسِ بیخودی ہوں اس زمانے سے
کہ مجنوں لام۔ الف لکھتا تھا دیوارِ دبستاں پر

اس موقع پہ جذبۂ خودداری باقی جذبات کو مغلوب کر دیتا ہے اور صوفی کہہ اٹھتا ہے ؎

قطرہ اپنا بھی حقیقت میں ہے دریا لیکن
ہمکو تقلیدِ تنک ظرفیِ منصور نہیں

کبھی مطلوب کے بعید ہونے کو یوں واضح کر دیتا ہے ؎

ہے پرے سرحدِ ادراک سے اپنا مسجود قبلہ کو اہلِ نظر قبلہ نما کہتے ہیں

اور کبھی اپنے قرب کو اس طرح بیان کرتا ہے ؎

ہم وہاں ہیں جہاں سے ہمکو بھی
کچھ ہماری خبر نہیں آتی ! !

مرزا غالبؔ شمعِ تصوف کے پروانے تھے۔ رموزِ عشق میں ماہر لطائفِ غیبی سے فیضیاب اور بحرِ محبت کے مشتاق غواص تھے۔ حافظ شیرازیؒ اگر اپنی روش کو اس طرح بیان کرتے ہیں۔ کہ ؎

عاقبت منزلِ ما وادیٔ خاموشاں ہست ۔ حالیا غلغلہ در گنبدِ افلاک انداز

تو مرزا غالب اپنا اظہارِ مدعا یوں کرتے ہیں ؎

ہے آدمی بجائے خود اک محشرِ خیال ۔ ہم انجمن سمجھتے ہیں خلوت ہی کیوں نہ ہو

انتہائے مقصد کو ماحول میں ڈھونڈنے کی ضرورت نہیں۔ بلکہ انسان اگر اپنے وجود پر نظرِ غایر ڈالے تو اس کی چشم بصیرت اس قول کے راز سے واقفیت حاصل کرسکتی ہے کُنتُ کنزاً مخفیاً فاحببتُ اَنْ اُعرفَ فخلقتُ الخلق یعنی "میں چھپا ہوا خزانہ تھا۔ اور میں نے دوست رکھا۔ اس بات کو کہ پہچانا جاؤں پس میں نے خلقت کو پیدا کیا"..... لیکن صوفی کے دل کی یہ کیفیت کبھی انحطاط کی طرف مائل ہوتی ہے چنانچہ مرزا غالب فرماتے ہیں ؎

چھوڑا مہ نخشب کیطرح دستِ قضا نے ۔ خورشید ہنوز اسکے برابر نہ ہوا تھا

چونکہ صوفیوں کے جذباتی مدّ و جزر میں بیرونی تاثیر کا شائبہ تک نہیں ہوتا ہے اس لئے وہ کسی حد تک میں بھی پیدا ہو کر پروازِ تخیل میں اکثر یکساں نظر آتے ہیں۔ چنانچہ جب اپنی بے ثباتی کیطرف اُن کی توجہ کا رجحان ہوتا ہے۔ توان الفاظ سے اپنی حالت کا نقشہ کھینچتے ہیں ؎

من ز ہیچ و کم زہیچ ہم بسیارے ۔ از ہیچ و کم از ہیچ نیاید کارے
ہر سرِّ کہ ز اسرارِ حق گویم ! ۔ زانم نبود بہرہ بجز گفتارے !

کبھی عشق کی دشوار گزار اور خار دار راہ میں صوفی پکار اُٹھتا ہے ؎

سفرِ عشق میں کی ضعف نے راحت طلبی
ہر قدم سایہ کو میں اپنا شبستاں سمجھا

یا یوں کہتے ہیں ؎

بس ہجوم ناامیدی خاک میں مل جائے گی یہ جو اک لذت ہماری سعی بے حاصل میں ہے

لیکن آلام و مصائب کا عادی ہو کر وہ خود کہتا ہے ؎

رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج
مشکلیں اتنی پڑیں مجھ پر کہ آساں ہو گئیں!

ایک اور صوفی کا قول ہے ؎

زیادِ غیر میگردد بدل یادِ خدا کمتر
کہ پُر شد خانہ مے باشد بسا میخانہ جا کمتر

ملاحظہ فرمایئے مولوی جامیؒ کیا فرماتے ہیں ؎

اے سالک رہ سخن زہر باب مگوی جز راہِ اصول رب ارباب مپوے
چوں علت تفرقہ است اسباب جہاں جمیعت دل ز جمع اسباب مجوے

مرزا غالب ایک اور ہی عالم کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ ایک جگہ کہتے ہیں ؎

مرے قدح میں ہے صہبائے آتش پنہاں
بروئے سفرہ کباب دلِ سمندر کھینچ،

لیکن نہ تو تند ہواؤں کے جھونکوں اور متلاطم سمندر عشق سے اور نہ بادِ مخالف کے تھپیڑوں سے گھبراتے ہیں چنانچہ فرماتے ہیں ؎

پھر اسی بیوفا پہ مرتے ہیں، پھر وہی زندگی ہماری ہے

ایک اور صوفی کا شعر ہے ؎

کشتگانِ خنجرِ تسلیم را + ہر زماں از غیب جانے دیگر است

اور حافظ شیرازی فرماتے ہیں ؎

ہرگز نہ میرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق!
ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما!

محی، بی۔ اے سٹوڈنٹ

گل و بلبل

(از قلم جاوید کاشمیری بی۔اے سٹوڈنٹ)

شنیدم بلبلِ بستان بہ گل گفت
بہار آید و آید جانِ خویشم
چو روئے نو شگفتہ مے نمائی
شوم آندم طرب انگیز بیشم
نمائی جلوہ ہائے نو بنو تو
توئی محبوب حق سبحان پیشم
چو مے بینم دل صد چاک داری
شوم وقفِ فغانم سینہ ریشم
خزاں آید ز چشم دور باشی
نہی خارے بہ دل از بہر نیشم
سراسر بے وفا بے مہر ہستی
وفا دارم من و پروانہ کیشم

فرہنگِ جدید

(طاؤس پانپوری کے قلم سے .... پہلی قسط)

پلس فور :- جمع چار یا +۴ کشمیری مرکبانوں کی ایجاد۔ تہذیب نو کی اختراع۔ سرما کا دوست گرما کا

دشمن۔ سفر کیلئے ہزارہ بس کی طرح آرام دہ چیز۔

ڈبلیو۔ ڈی۔ سگریٹ:۔ سفید رنگ کا دھواں دار قیمتی مسواک۔

لیبارٹری (Laboratory): تیزاب چھڑکنے کے ایکسپریمنٹ (Experiment) یعنی تجربہ کا نام۔

انکویری ونڈو (Enquiry window): پنڈت رگھناتھ کلرک کا تخلص۔

پرنسپل:۔ ان (In) اور اوٹ (Out) کا پہرہ دار۔ کمرہ ۱ کے دروازے کا نام

گرلز روم:۔ اس باغ کا نام ہے جس کے دروازے پر یہ حروف کندہ ہیں "یہ شارع عام نہیں"

نوٹس بورڈ:۔ قضا و قدر کا تختہ۔ نتیجہ برآمد ہونے پر یا فری شپ لسٹ کے نکلنے پر زور آمائی کا اکھاڑا۔ جیلانی صاحب کی آخری منزل۔

فونٹین پن:۔ ادبی تلوار۔ جو مبارزت کے وقت میان سے نکالی جاتی ہے۔

میتھمیٹکس:۔ (Mathematics) یا میٹرک تک ٹیکس۔ یہ ٹیکس سکولوں کے طلباء کیلئے کمپلسری (ضروری) اور کالج کے لڑکوں کیلئے اوپشنل (اختیاری) مضمون ہے۔

فائین لسٹ (fine list): تفصیل جرمانہ ہیڈ کلرک کے دماغ کا نچوڑ۔

ویکنٹ پیریڈ (Vacant period): چٹکیاں لینے اور اناپ شناپ میں بسر کرنے کا وقت۔

ڈرل:۔ جبر اور ظلم کا دوسرا نام۔

ٹینس (Tennis): ایک امیرانہ بیماری ہے۔ "پھر کبھی"

"جدید ٹرکی"[۲]

(نذیر احمد مسعودی متعلم بی۔ ایس۔ سی)

سنہ ۱۹۱۴ء کی جنگِ عظیم سے قبل ٹرکی اپنی نام نہاد خود مختاری پر نازاں تھا۔ مگر داخلہ پالیسی ملاؤں کے

---

[۱] معاف کیجئے آپ ایک بات بھول گئے ہیں "پنڈت کاشی ناتھ جی کی غلطیوں کا مجموعہ" جاوید

ہاتھ میں تھی اور خارجہ پالیسی یورپ کے شہنشاہوں کے اشارہ پر منحصر تھی۔ ملازم اور مغربی شہنشاہیت کے پرستار ہر ممکن کوشش سے ٹرکی کو دبانا چاہتے تھے۔ اور اصلاحات کی مخالفت پر تلے ہوئے تھے۔ حالانکہ ٹرکی میں جو انجمن بنام "انجمن اتحاد و ترقی" قائم کی گئی تھی۔ اور جس کا مقصد ٹرکی کو یورپ کے ممالک کی طرح بام ترقی پر لانا تھا۔ متذکرہ بالا وجوہ سے کچھ کام نہ کر سکی۔

مگر عالمگیر جنگ کے قیام میں ترکوں نے ملک کی پسماندہ اور ناگفتہ بہ حالات کا بنظر غور مشاہدہ کیا۔ اس وقت کشتئ قوم کو کھینے کیلئے قدرت کاملہ نے مصطفےٰ کمال جیسے مدبر جنرل اور محبِ وطن کو منتخب کیا۔ مصطفےٰ کمال جانتا تھا۔ کہ مرکزی طاقت زائل کی جاسکتی ہے۔ وہ ایک وطن دوست کی طرح اپنے ملک کے لئے لڑا۔ وہ بہت دور اندیش اور سیاستدان تھا۔ اُسے اُمید واثق تھی کہ مملکت عثمانیہ پھر سے ایک طاقتور سلطنت بن سکتی ہے۔ نیز یہ کہ صرف وہ ہی اس کام کو سرانجام دے سکتا تھا۔

جس وقت اتحادی استنبول پر قابض ہوگئے۔ ٹرکی کے تمام قومی رہنما بھاگ نکلے۔ لیکن مصطفےٰ کمال وہیں رہا۔ ظاہرا طور پر معلوم ہوتا تھا کہ اس کے اور سلطان کے تعلقات اچھے ہیں۔ سلطان برطانوی اور فرانسیسی جرنیلوں کے ہاتھوں میں کٹ پتلی بنا ہوا تھا۔ گر وہ کمال سے خائف تھے۔ کیونکہ کمال کی مرضی کے خلاف ٹرکی نے جنگ میں شمولیت اختیار کی تھی۔ کمال کے قریب ترین رفقار بھی لاعلم تھے۔ کہ اس کے دل میں کیا کچھ گزر رہا ہے۔ سلطان اور اتحادیوں نے مصطفےٰ کمال کو ٹرکی کی فوجوں کی قیادت کے واسطے اناطولیہ روانہ کیا۔ سلطان نے ایک خط بھی اس کے حوالے کیا۔ مصطفےٰ کمال اسی موقعہ کی تاک میں تھا۔ اب وہ بے خوف اپنے ارادوں کو عملی جامہ پہنا سکتا تھا۔ اتحادی اس کا کچھ نہ بگاڑ سکتے تھے۔ اس نے ٹرکی کی منتشر فوج جمع کی اور اُن میں تنظیم پیدا کی۔ نئی روح پھونکی اور پھر ٹرکی کے حصولِ آزادی کیلئے تدابیر اختیار کیں کمال کو جن مصائب سے دوچار ہونا پڑا اُن کا اندازہ لگانا آسان نہیں۔ اس ابتر حالت اور سخت وقت میں صرف مصطفےٰ کمال کی ہمتِ مردانہ تھی۔ جو کام آئی۔

جس قدر قومی تحریک زور پکڑتی گئی۔ اُسی نسبت سے مخالفت بھی زیادہ ہونے لگی۔ اتحادی طاقتوں

نوٹ:- امید ہے کہ آپ ایسے مضامین سے "پرتاپ" کو آئندہ بھی فیضیاب کرتے رہینگے۔ آپ کا یہ مضمون عدم گنجائش کی وجہ سے اس دفعہ ادھورا گیا ہے۔ انشاء اللہ دوسری اشاعت میں باقی نصف بھی شائع ہوگا۔ (جاوید)

نے ٹرکی کی قومی تحریک کو بڑھتے دیکھ کر سلطان پر دباؤ ڈالا جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ سلطان نے اعلان کر دیا۔ کہ مصطفےٰ کمال باغی ہے۔ شیخ الاسلام نے بھی فتویٰ جاری کیا۔ مگر یہ تمام کوششیں رائیگاں گئیں۔ ترک قوم نے مصطفےٰ کمال کو نجات دہندہ جانا۔ حقیقی رہنما سمجھا۔ سلطان اور شیخ الاسلام کے ریاکارانہ فتووں کی کوئی پروانہ کی۔ اتحادیوں نے اپنے ارادوں میں منہ کی کھا کے بعد ایک اور تدبیر چلائی۔ یونانیوں کو ایشیائے کوچک میں داخل ہونے کی کھلی اجازت دیدی۔ اتحادیوں نے ہر قسم کے آلاتِ حرب مہیا کئے۔ اور یونانی فتح کے غرور میں ایشیائے کوچک پر چڑھ آئے۔ یہ ایک ایسی جنگ ہے جسکی مثال تواریخ کہیں بھی پیش نہیں کرسکتی۔ یونانیوں سے مقابلہ کرتے ہوئے کمال پاشا کا ہاتھ بھی ٹوٹ گیا۔ مگر اس نے مستقل مزاجی اور ہمت کو کبھی ہاتھ سے نہ دیا۔ اور اسی حالت میں اپنی بے دست و پا مٹھی بھر فوج کی قیادت کی۔ اُن کے پاس ہتھیار نہ تھے۔ مگر اپنے رہنما کے مسکراتے چہرے کو دیکھ کر ان کی ہمت بڑھتی تھی۔ جس کا لازمی ثمر شاندار فتح تھی۔ یونانی ایشیائے کوچک سے بھاگ نکلے اور ٹرکی نے آزادی حاصل کرلی۔

اگر کوئی دوسرا جرنیل ہوتا شاید اس فتح کے بعد چپکے بیٹھ جاتا اور خاموش زندگی بسر کرتا مگر کمال پاشا صرف جرنیل ہی نہ تھا وہ جرنیل سے زیادہ سیاستدان تھا۔ اُس نے اب ٹرکی کو پھر سے زندہ کرنے کا مصمم ارادہ کرلیا۔ شہرت کے آسمان پر وہ بحیثیت ایک مصلح کے ابدالآباد تک تابندہ رہے گا۔

آزادی کا حاصل کرنا آسان ہے۔ مگر اس کو برقرار رکھنا کارے دارد۔ جہانبانی سے ہے دشوار تر کار جہانبانی۔ چند لمحوں میں انقلاب پیدا ہوسکتا ہے مگر جوش ختم ہونے کے بعد اصلاح کرنا بہت مشکل ہے۔ "انجمن اتحاد و ترقی" نے جس کا ممبر کمال پاشا بھی تھا۔ ملک میں انقلاب پیدا کردیا۔ مگر ملک کے سدھار کے لائحہ عمل کو عملی جامہ پہنانے کی مشکل درپیش تھی۔ اور انجمن متذکرہ کی اس ضمن میں ناکامی سے کمال پاشا بخوبی واقف تھا۔ اس کا خیال تھا۔ کہ ملک کی فوج کا اعتماد حاصل کرکے وہ اپنا مقصد پاسکتا ہے۔ مگر یہ اُس کی غلطی تھی۔ جو ملک مجلسی نظام کے معاملے میں قعرِ مذلت میں پڑا ہوا ہو سپاہیانہ پہلو میں کیونکر درست ہوسکتا ہے؟ نوجوانانِ ٹرکی میں دور اندیشی بھی معدوم تھی۔ یہ جاننے سے وہ قاصر تھے کہ اُن کی اصلاحات کی مخالفت کس کس طبقہ کی طرف سے کی جائے گی۔ مگر کمال پاشا جانتا تھا۔ اور وہ اندرونی و بیرونی مخالفت کے لئے تیار تھا۔ مغربی ممالک ٹرکی میں کسی اصلاح کو ایک آنکھ نہ دیکھ سکتے تھے۔ بلکہ ایک انگریز یہاں تک بھی کہہ گیا۔ کہ

ٹرکی میں اصلاحات نافذ کرنے کا نتیجہ اسلام کا خاتمہ ہو گا۔ حقیقتاً جو اسلام اس وقت تھا وہ حقیقی اسلام نہ تھا۔ اور ضرورت تھی کہ اسلام حقیقی معنوں میں پیش کیا جائے۔ اس وقت ترقی پسند ترک اور تمام رہنماؤں کی یہی خواہش تھی۔ مگر جاہل عوام کے ایمان پر مُلّا لوگ قبضہ جمائے بیٹھے تھے۔ اور اُنکی جہالت و لاعلمی کے زیر اثر تھے۔ مغربی طاقتیں اس امر سے واقف تھیں۔ انہوں نے دوستی کا جامہ پہن کر ترکی میں اصلاحات کے نفاذ کو ناممکن العمل بنانے کیلئے ایڑی چوٹی کا زور لگایا۔ اور بیرونی ممالک خاصکر ہندوستان اور دوسرے اسلامی ممالک میں غلط اور بے بُنیاد پروپیگنڈا جاری کیا۔ جس کا اثر ضرور ہوا۔ مگر تھوڑے وقت کے لئے مسلمانانِ عالم جو ہمیشہ ٹرکی کے حامی تھے مشکوک اور ناپسندیدہ نگاہوں سے دیکھنے لگے۔ انگریزوں نے پیسے دیدے کر دور کعبت کے اماموں سے فتوے لکھوائے۔ اس وقت ہندوستان کے مسلمان مصطفےٰ کمال کے عندیہ کو سمجھ نہ سکے۔ مگر مصطفےٰ کمال نے کبھی عالم اسلام کی رائے کو ٹھکرایا نہیں۔ اس نے لوگوں کو دعوت دی کہ وہ خود آکر ٹرکی کا مشاہدہ کریں۔ چنانچہ جب مسلمانوں نے حالات بالکل موافق پائے تو ان کی ہمدردی پہلے سے بھی زیادہ مستحکم ہو گئی۔

برطانیہ عظمےٰ پرانی ٹرکی کے متعلق بالکل غلط رائے قائم کر چکا تھا۔ انگریزوں کے دل میں جو منافرت قائم ہو چکی تھی۔ وہ آسانی سے محو ہونے والی تھی۔ کمال پاشا نے دنیا پر ثابت کر دیا کہ جدید ٹرکی سلطنتِ عثمانیہ سے مختلف ہے۔ مگر اس ثبوت کیلئے اُسے ایسے ذرائع اختیار کرنے پڑے جن سے مغربی ممالک پر کمالی ٹرکی کی اہمیت ظاہر ہوا۔ ایک جاپانی کہتا ہے کہ جب جاپان نے "آرٹ و ادب میں کمال حاصل کیا تو دنیائے مغرب بالعموم اور برطانیہ بالخصوص اس ارتقار کو تہذیب سے موسوم کرتا تھا۔ مگر جب جاپان نے منچوکو فتح کیا تو سب اسکی تہذیب کے قائل ہوئے اگر کسی چیز سے مغربی طاقتیں ڈرتی ہیں تو وہ صرف فوجی طاقت ہے اور یہی مغربی تہذیب کا معیار ہے کمال پاشا اس اصول سے غیر واقف نہ تھا اس نے ٹرکی کی فوجی طاقت کا مظاہرہ کیا۔......
... اور سب مغربی ممالک اس کے دوست بننے لگے۔ ٹرکی نے بھی ان کی دوستی کو قبول کیا۔ مگر انہیں اپنے معاملات میں دخیل ہونے سے باز رکھا۔ وہ مغربی ممالک کے آپس کے تعلقات سے بھی آگاہ تھا۔ اُن کی۔ ماضی کی تواریخ کا بنظر عمیق مطالعہ کیا تھا۔ غازی اعظم نے ہر آنے والے واقعہ کا کمال دوراندیشی سے پہلے ہی سے سامان میسر کر رکھتے تھے۔ تاکہ اڑے وقت میں پریشانی کا منہ نہ دیکھنا پڑے اور انجام کار ٹرکی بام عروج تک پہنچا۔

ٹرکی میں قومی تحریک کو کامیاب دیکھکر روس نے سرمایہ پرستی اور شہنشاہیت کو نیست و نابود

کرنے کا سنہری موقع جانا۔ تاریخ کا مطالعہ کرنیوالے اس حقیقت کا بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں۔ کہ ٹرکی کے حصول آزادی میں روس کا ہاتھ اور مالی امداد کس قدر ضروری تھی۔ ٹرکی جمہوریت ابھی ابتدائی مدارج میں تھی۔ لوگوں کی مجلسی اور اقتصادی حالت استوار کرنے کیلئے اور ملاؤں کے ہتھکنڈوں سے نجات کا اصلی ذریعہ تعلیم سمجھا۔ اور اُن کو تعلیم دینی شروع کی۔ اور یہی رفاہ عامہ کے کام ہیں۔ جنکی بدولت مصطفٰے کمال کی شخصیت روز بروز ہر دلعزیز بنتی گئی۔ ملک میں چند ایسی اصلاحات نافذ کی گئیں جنکے لوگ مخالف تھے۔ مگر غازی اعظم کی مخلصی۔ جذبۂ حب الوطنی اور نیک نیتی سب پر غالب تھی۔ ہر ایک پر یہ آشکار ہو چکا تھا۔ کہ کمال پاشا ملک کا صحیح رہنما۔ حقیقی خادم ملک و قوم اور ملت کا سچا بہی خواہ ہے۔ لوگوں نے اپنے محبوب رہنما کے مقاصد اعلیٰ بھانپ لئے۔ اور اس کی ہر اسکیم کو قبول کر کے اس پر کاربند رہے۔ ملک میں تعلیم عام ہوگئی۔ اور اس طرح لوگ پھر سے اصلی اسلام کے شیدائی بن گئے۔ اور ملاؤں کا جنازہ نکال دیا۔ وہاں کسی کو مذہب خطرے میں نظر نہ آتا تھا۔ بلکہ مذہب کے نام پر غریب اور جاہل عوام کو ابھارنے والے اپنے آپ کو خطرے میں دیکھتے تھے۔ عوام کی آنکھیں کھُل گئی تھیں۔ اور اُن کو کسی اصلاح میں کوئی چیز بھی غیر اسلامی یا غیر شرعی نظر نہ آئی۔ چند شوریدہ سر جو سدھارے سدھر نہ سکے۔ اور کسی نہ کسی حصہ میں جمہوریت کے خلاف منافرت پھیلاتے تھے۔ اُن کو عبرتناک سزائیں دی گئیں۔ اور ملک کو تمام شر سے پاک کیا۔ مصطفٰے کمال پاشا نے جب دیکھا کہ اس کے عزیز دوست ٹرکی کی ترقی کے راستہ میں روڑا اٹکاتے ہیں۔ تو ان کو بھی سخت سے سخت سزا دی۔ جنرل عارف کمال کا حبیب ترین دوست تھا۔ مگر جب اول الذکر جمہوریت کے خلاف تھا۔ اور ٹرکی کی ترقی میں سدِّراہ بنا تو اُسی وقت پھانسی دی گئی!

جب تک نہ کوئی لیڈر، منصف، غیر جانبدار اور قوت عمل کا مالک ہوکر ملک اور قوم کے مفاد کو افضل ترین خیال کرے۔ کامیابی ناممکن ہے۔ کمال اتاترک کی نافذ کردہ اصلاحات پر مسلمانانِ عالم عموماً اور دقیانوسی خیالات کے ترک خصوصاً ناپسندیدگی کا اظہار کرتے تھے۔ ان اصلاحات میں سے ایک ترکی ٹوپی" کا ترک کرنا بھی شامل تھا۔ چونکہ اس قسم کی ٹوپی سب سے پہلے ٹرکی میں استعمال ہونی شروع ہوئی مسلمانوں نے اس کو استعمال کیا۔ اور اس کا نام بھی اسی باعث ترکی ٹوپی ہے۔ مگر دراصل یہ ترکی نہیں" یونانی ٹوپی ہے" اور یونانیوں کے ٹرکی میں اقتدار حاصل کرنے کے بعد اس کا رواج عام ہوگیا تھا۔ کمال اتاترک نے اس کو غلامی کی نشانی سمجھ کر۔ آزاد جمہوری ٹرکی میں اس کے استعمال کو ترک کروایا۔

مسلمانوں نے کئی ایسی رسوم بھی اختیار کر رکھی تھیں جن کی پابندی از روے شریعت ضروری نہیں تھی۔ دنیا میں اس قدر آزادی کسی مذہب نے عورت کو نہیں دی اور نہ ہی کسی مذہب نے اس کے حقوق علیحدہ کر کے اس طرح بتائے ہیں جس طرح اسلام نے کیا ہے۔ رسول اکرم صلعم طبقۂ نسواں میں اصلاحات رائج کرنے میں سب سے بڑے لیڈر ہوئے ہیں۔ ٹرکی میں عورتوں کی آزادی پر مخالفت شروع ہوئی۔ اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ جنگ کے دوران میں ترک عورتوں نے بہت مدد دی۔ دفتر کا کام سب عورتوں کے سپرد تھا۔ ہسپتالوں اور دیگر قومی اداروں کا کام وہ چلاتی تھیں۔ میدانِ جنگ میں چونکہ سپاہیوں کی ایک بڑی تعداد کی ضرورت تھی۔ اس لئے ملک کے تمام اندرونی معاملات عورتوں کے سپرد تھے۔ اس وجہ سے رفتہ رفتہ انہوں نے برقع یا پردہ ترک کر دیا۔ فتح کے بعد ملک میں جمہوری نظام حکومت قائم ہوا۔ اس وقت یہ بہت مشکل کام تھا۔ کہ عورتوں کو از سرِ نو پردہ پر مجبور کیا جاتا۔ نیز اتاترک خوب واقف تھا کہ ٹرکی کو اقوامِ عالم کی صفِ اوّل میں کھڑا کرنے کیلئے طبقۂ نسواں کی حالت کا سدھارنا لازم ہے۔ عوام کا خیال ہے۔ کہ عورت کی آزادی اخلاقی پستی کا باعث بنتی ہے۔ مگر جو کچھ ٹرکی میں ہو رہا ہے۔ اس سے اس خیال کی تردید ہوتی ہے۔ کمال اتاترک کے نقشِ قدم پر اب ہندوستان اور دیگر ممالک میں یہ تحریک زور پکڑ رہی ہے

(باقی آئندہ)

کیا آپ کو معلوم ہے؟[1]

۱۔ کپڑا سینے کی مشین ۱۸۳۰ء میں فرانس کے مشہور ماہر مسٹر تھی مونیر صاحب نے ایجاد کی۔

۲۔ فوٹوگراف بنانے کا آلہ ۱۸۳۹ء میں فرانس کے مسٹر ڈاگر نے ایجاد کیا۔

۳۔ بارود سے اڑانے والا ڈائینامیٹ ۱۸۶۷ء میں سوڈان کے ایک شخص مسٹر نوبل نے ایجاد کیا۔

۴۔ وائرلس۔ بے تار کے برقی خبر پہنچانے کا آلہ۔ اٹالی کے مشہور سائنس دان مارکونی صاحب نے ۱۸۹۶ء میں ایجاد کیا۔

۵۔ ریل گاڑی کا انجن۔ انگلستان کے مسٹر اسٹیفنسن نے ۱۸۸۵ء میں ایجاد کیا۔

۶۔ موسم کی حرارت معلوم کرنے کا آلہ ۱۶۴۳ء میں مسٹر ٹوری سیلی نے اٹالی میں ایجاد کیا۔

[1] آپ کا وسیع مطالعہ کتنا فیض رساں ہے! جاوید

۷۔ چیچک کا ٹیکہ۔ اور ہیضہ کی سوئی لگانے کی ایجاد جرمنی کے ڈاکٹر جینر نے ۱۸۹۵ء میں کی۔
۸۔ انسان کے بخار دیکھنے کا تھرمامیٹر فرانس کے فارن ہیٹ صاحب نے ۱۷۲۱ء میں بنایا۔
۹۔ آگ سلگانے والی سلائی کی ایجاد ۱۸۳۱ء میں فرانس کے مسٹر سوریا نے کی تھی۔
۱۰۔ خود بخود سیاہی نکالنے والا فونٹین پن۔ امریکہ کے واٹرمین صاحب نے ۱۸۶۴ء میں بنایا۔
۱۱۔ سیفٹی ریزر۔ حجامت بنانے کا آلہ امریکہ کے مسٹر گیلاٹ نے ۱۹۰۴ء میں ایجاد کیا۔
۱۲۔ پستول (گولی چلانے والا) امریکہ کے مشہور نشانہ انداز، مسٹر کولٹ نے ۱۸۳۵ء میں ایجاد کیا۔

ماخوذ غلام محی الدین کاک تھرڈ ایئر

"میں کونسے اشعار گنگناتا رہتا ہوں"[۱]

شاخِ گل جھوم کے گلزار میں سیدھی جو ہوئی ۔ پھر گیا آنکھ میں نقشہ تیری انگڑائی کا

کوٹھے پہ چھپ گئے مِرا تابوت دیکھ کر ۔ ہم بھی کفن میں مُنہ کو چھپائے چلے گئے

یوں تو برسوں ہی نہیں یاد کیا کرتے تھے ۔ آج کیا تھا جو تمہیں یاد ہماری آئی

نقاب کہتی ہے میں فتنۂ قیامت ہوں ۔ نہ ہو یقین تو کوئی دیکھ لے اٹھا کے مجھے!

جینے نہ دے گی یہ نگہ فتنہ زا مجھے ۔ ان کھڑکیوں سے جھانک رہی ہے قضا مجھے[۲]

ابرو نہ سنوارا کرو کٹ جائے گی اُنگلی ؛ ؛ ؛ ۔ نادان ہو تلوار سے کھیلا نہیں کرتے

[۱] ہمیں یہ سننے کی کیا ضرورت تھی ؟ جناب گنگناؤ ۔ جاوید

[۲] دیکھئے آپ غضب کرتے ہیں ۔ ہمیں داغِ مفارقت نہ دیجئے ۔ جاوید

اک محبت تھی مٹ چکی یارب۔ تیری دنیا میں اب دھرا کیا ہے

نظر آتا ہے چاند پانی میں کون بیٹھا ہوا لب جو ہے

(عبدالرحمٰن پوچھی بی اے سٹوڈنٹ)

پریم سے خطاب

واپس آجا بادِ صبا کے دوش پر سوار۔

تو ماضی اور مستقبل کے پریشاں کُن خیالات کو بھول جا اور میرے پہلو میں آ۔ قسمت خود ان خیالات کی ذمہ دار ہے۔ تیرے بغیر میری حالت ایک غریب الوطن کی سی ہے جو پردیس میں بستر مرگ پر ہو۔ اور کوئی اس کو سنبھالنے والا نہ ہو۔ بلکہ اس سے بھی بدتر۔

تیرے جانے سے میری روحانی زندگی کا چمن بادِ خزاں کے جھونکوں سے اُجاڑ بن چکا ہے۔ وہی چمن جو تیرے وجود کی برکت سے باغِ ارم کے لئے رشک کا باعث بنا ہوا تھا۔ تیرے بغیر کاٹ کھانے کو دوڑتا ہے۔ زندگی حد سے زیادہ تلخ ہو چکی ہے۔[۱] ممکن ہے کہ یہ ماجرا دیکھکر تو خود بھی پریشان ہو جائے[۲]

آجا! میرا دل محبت کا تشنہ ہے۔ طلبگار فراق نہیں مجھے ان ستاروں سے چاند اور چمن کے پھولوں سے رشک ہی نہیں بلکہ حسد ہے۔ جو تمہیں ہر صبح مستانہ وار دیکھتے ہیں۔

آجا! گو میں .... کی طرح حسین۔ جاذب توجہ اور درخورِ اعتنا نہیں۔ لیکن میں تجھے سچے دل سے اپنی روح کی عمیق تریں گہرائیوں میں جلوہ گر دیکھنا چاہتا ہوں

کیا میری سچی محبت، حسن۔ قابلیت یا اور کسی چیز سے کم ہے؟

ہریش بخشی

الیف اے سٹوڈنٹ ۲۰۵

* * * * * * * * * * * * *

۱؎ لیکن نہ خوگر تلخیٔ محبت کو ہوس جام انگبیں نہ ہوئی۔ جاوید

۲؎ پریشانیاں میری ان سے نہ کہنا وہ حیدم سنے گا پریشان ہوگا۔ جاوید

چکبست لکھنوی مرحوم

پنڈت برج نرائن چکبست دورِ حاضرہ کے اُن بہترین شاعروں میں سے تھے۔ جنہوں نے گل و بلبل کو چھوڑ کر اپنی خداداد قابلیت سے ملک و وطن کی بہبودی کیلئے دل و جان سے کوشش کی۔ اگر علامہ اقبالؒ کو ہم اردو زبان کا بہترین فلسفی شاعر کہہ سکتے ہیں تو چکبست کو ایک قومی شاعر کا خطاب دے سکتے ہیں۔

آپ ایک سچے محب وطن تھے۔ اس لئے آپ کے اشعار میں حب الوطنی کا جذبہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے اس قسم کے شعر صرف ایک محبِ وطن ہی کے قلم سے نکل سکتے ہیں۔ ؎

دل کئے تسخیر بخشا فیض روحانی مجھے
حُب قومی ہو گیا نقشِ سلیمانی مجھے

ایک اور جگہ فرماتے ہیں ؎

روشن دلِ ویراں ہے محبت سے وطن کی
یا جلوۂ مہتاب ہے اجڑے ہوئے گھر میں!

جس آدمی کے سینے میں حُب الوطنی کی آگ روشن نہ ہو اور جس کے دل میں قوم کی محبت جلوہ گر نہ ہو سچ پوچھئے تو وہ انسان کہلانے کا مستحق نہیں۔ آپ نے اس خیال کو ایسی سلیس زبان میں خوبیاں کیساتھ ادا کیا ہے کہ مردہ دلوں کی رگوں میں بھی خون جوش مارنے لگتا ہے:۔

مٹا جو نام تو دولت کی جستجو کیا ہے۔ نثار ہو نہ وطن پر تو آبرو کیا ہے!
لگے نہ آگ نہ دلمیں تو آرزو کیا ہے۔ نہ جوش کھائے جو غیرت سے وہ لہو کیا ہے

فدا وطن پہ جو ہو آدمی دلیر ہے وہ
جو یہ نہیں فقط ہڈیوں کا ڈھیر ہے وہ

آپکے نزدیک مذہب کا حقیقی مفہوم کیا تھا۔ ذیل کے اشعار سے بخوبی ظاہر ہوتا ہے:۔

جس گوشۂ دنیا میں پرستش ہو وفا کی۔ کعبہ ہے وہی اور وہی بتخانہ ہے میرا

دردِ دل پاسِ وفا، جذبۂ ایماں ہونا آدمیت ہے یہی اور یہی انساں ہونا

آبرو کیا ہے تمنائے وفا میں مرنا دین کیا ہے کسی کامل کی پرستش کرنا

آپ مذہب کے ظاہری رسم و رواج کی قید سے بالکل آزاد تھے، جیسا کہ ذیل کے اشعار سے ظاہر ہے۔

دل صورتِ آئینہ جو روشن نہیں ہوتا زنّار پہننے سے برہمن نہیں ہوتا

یہاں تسبیح کا حلقہ وہاں زنّار کا پھندا۔ اسیری لازمی ہے مذہبِ شیخ و برہمن میں

مذہب سے ناواقف مگر ظاہراطور پر اپنے آپ کو بڑے دھرماتما کہلانے والے لوگوں کا مضحکہ یوں اڑاتے ہیں۔

جناب شیخ کو یہ مشق ہے یادِ الٰہی کی خبر ہوتی نہیں دل کو زباں سے یاد کرنے کی

آشنا ہوں کان کیا انسان کی فریاد سے شیخ کو فرصت نہیں ملتی خدا کی یاد سے

کم ہمتی کے بارے میں فرماتے ہیں۔

کمالِ بزدلی ہے پست ہونا اپنی آنکھوں میں
اگر تھوڑی سی ہمت ہو تو پھر کیا ہو نہیں سکتا

قسمت پر اعتماد رکھنے والوں اور اپنے ہاتھ پاؤں نہ ہلانے والوں کے متعلق فرماتے ہیں۔

اہلِ ہمت منزلِ مقصود تک آبھی گئے۔ بندۂ تقدیر قسمت کا گلہ کرتے رہے

آپ نہ صرف ایک قابل شاعر ہی تھے بلکہ ایک اعلٰے نثار بھی تھے۔ لچھی رام سرور پر جو مضموں آپ نے قلمبند فرمایا ہے اس میں سے مندرجہ ذیل سطریں نقل کی جاتی ہیں۔ تاکہ ناظرین آپ کی نثر نگاری کا اندازہ لگا سکیں "جب کشمیر کے چمن زار میں آوارہ وطنی کی آندھی آئی تو بہت سے ہوا خواہان چمن اپنا مسکن چھوڑ کر بوئے گل کی طرح نکل کھڑے ہوئے۔ ان پریشان حالوں میں اکثر بلبل خوش لہجہ بھی شامل تھے۔ جن کے کانوں میں نغمۂ شیراز سمایا ہوا تھا۔ اور جن کی زبان پارسی شیرینی سے کامیاب تھی۔ اُن نواسنجان کشمیر کو عموماً آب و دانہ کی کشش سرزمین دہلی میں کھینچ لے گئی۔ اور وہیں ان کی زمزمہ پردازیوں کی ہوا بھی بندھی"

آپ بتالیس ۴۲ سال کی عمر میں اپنے رفیقوں کو ہمیشہ کیلئے داغ مفارقت دیکر چل بسے یہ اردو زبان کی بد قسمتی تھی، کہ ایسے باکمال اور صاحب فن کو موت نے اپنی قابلیت کے اظہار کرنے کا خاطر خواہ موقع نہ دیا

گوپی ناتھ گرد بی۔ اے سٹوڈنٹ

موجودہ علمِ صرف کی جان پہچان

کالج:۔ وہ ظرفِ مکاں ہے جہاں فیشن پرستی کے پروانے دن بسر کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہاں ریشم کے کیڑوں کی طرح ملازمت خواہ جراثیم نشو و نما پاتے ہیں۔

فیشن پرستی:۔ وہ اسم آلہ ہے جس سے کفایت شعاری کی بیخ کنی کا حقہ، کی جاتی ہے۔

موجودہ طرزِ تعلیم:۔ وہ اسم ذات ہے جس کے دوران میں اُمید کا مہرِ منیر روزِ مستقبل کے آسمان پر رونق افروز نظر آتا ہے۔ مگر بعد از تکمیل تعلیم و تدریس (No vacancy) کے بادل عالمگیر نظر آتے ہیں۔

ملازمت:۔ وہ اسم معاوضہ ہے۔ جس کے حصول کیلئے نوجوانوں (خصوصاً تعلیم یافتہ نوجوانوں) کی کمر۔۔ علامتِ استفہام (؟) کی طرح ٹیڑھی ہو جاتی ہے۔ مگر جدید افسانہ نویس اِسے عنقا صفت یعنی نامش معلوم و جسمش معدوم "حسینہ" سمجھتے ہیں۔ جس کے حسن و جمال اور ناز و ادا کے ایسے دلفریب قصے زبان زدِ عام ہیں کہ نوجوان مدرسوں اور کالجوں میں مجنوں اور فرہاد کا لباس زیب تن کئے ہوئے رموزِ عشق کا سبق لے رہے ہیں۔

سفارش:۔ گزارش کی طرح یہ بھی حاصل مصدر ہے۔ جس سے سفارشی ٹٹو کی کیفیت یا اُس کا اثر افسرانِ بالا کی سمجھ میں بخوبی آجاتا ہے۔ اور بے وسیلوں اور مستحقوں کی امیدوں کا خون اس طرح کیا جاتا ہے کہ چنگیز خاں ان کی شاگردی پر فخر کرتا ہے۔ ماہرین علم حیوانات کی اصطلاح میں اس کو "عصائے دفتر نما" کہتے ہیں۔ کیونکہ اس کے ذریعہ سفارشی ٹٹو دفاتر کی طرف ہانکے جاتے ہیں[1] جہاں ان کو حسب مراد آب و دانہ مل جاتا ہے۔

"ناشتہ مشکہ":۔ یہ اسم مشتق ہے یعنی مصدر رسے بنایا گیا ہے۔ لہذا سفارش کے ساتھ اس کا گہرا تعلق ہے دفتری بابو اس کو اپنی بولی میں "کلید دفتر کشا" کہتے ہیں۔ لیکن جو لوگ شیطان کے اس ٹیکس سے کسی عہدے پر فائز ہوتے ہیں یا اور کسی کام میں کامیاب ہوتے ہیں وہ اس کو "روزی کشا" کہتے ہیں۔ کیونکہ اس کے ادا کرنے سے بسا اوقات زدہ روزی (رزق) سے بدل جاتا ہے۔

[1] کہیں آپ بھی نہ ہانکے جائیں! جاوید

احتیاط:۔ گرامردان اور زمانہ شناس کی اصطلاح میں لاپروائی اور خبرداری کی باہم کشمکش کا نام ہے جس کے مشاہدہ سے "معمار مستقبل" ماہر فن بن جاتا ہے۔ شراب نوشی۔ تمباکو نوشی۔ قماربازی اور جعلسازی یہ تمام افعالِ ناقصہ ہیں جن کی ایجاد شیطان کی مرہونِ منت ہے۔

میاں غلام رسول
ایف۔ اے سٹوڈنٹ

غزل

بخدا تشنۂ یک جرعۂ مے ام ساقی
دہ ازاں نوع کہ بس دور شود غم ساقی

اندرونم بدر آید چو شوم دور ازو؛
از فراقش کند ایں طائر جاں رم ساقی

من شہنشاہِ جہانم دمِ نوشیدنِ جام
چہ مجالست کہ ہم رتبہ شود جم ساقی

دلِ من خرّم و شاداں بہ نظر مے آید!!
کہ بہ کامم چو مئے ناب نہادم ساقی؛

بکفم جام بدہ تاب و شکیبائی رفت؛
پیش کن ساغر و مینا تو بیکدم ساقی

ایں چہ چیز است کہ آمیختہ باد ر مے است
کہ مرا سوئے خود آرد لبرِ خسم ساقی

ایں چنیں نغمۂ از چنگ و چغانہ خیزد
کہ بگوشم آید از جرعۂ پیہم ساقی!

"بادہ خور تا بتوانی تو پیاپے جاوید"
دوش آواز رسیدم زِ سر دشم ساقی

جاوید کاشمیری بی۔ اے سٹوڈنٹ

مجھے یاد رکھو یا بھول جاؤ

میرے محبوب! جب میری روح قفسِ عنصری کی تیلیاں توڑ کر پرواز کر جائے تو اس وقت کوئی ماتمی گیت نہ گانا۔ میری لحد کی بالین پر گلہائے رنگیں کی بارش نہ کرنا نہ قبر کے گرد و نواح میں سرو کے سایہ دار درخت لگانا۔ میرے آرام کا موجب وہی سبزہ ہوگا۔ جو کہ میرے جانے کے قبل قطراتِ شبنم سے تر ہوگا اوس کے وہی قطرے سب مجھے ٹھنڈک پہنچائیں گے۔

میری موت کے بعد خواہ تم میٹھے میٹھے الفاظ میں مجھے یاد کرو۔ یا میری یاد کے نقوش لوحِ قلب سے کلیۃً مٹا دو۔ میرے لئے یہ سب کچھ یکساں ہوگا۔ میں اس وقت دوسرے عالم میں ہونگا۔ جہاں کہ ان اشجار کا سایہ اور ہلکی ہلکی بارش کی بہار دیکھنے کے قابل نہ ہونگا نہ ہی عندلیب نالاں کی پر درد فریاد میرے گوش زد ہو سکے گی۔

یہ پودوں کی مستی اور یہ شفق کی بہار وہاں پر میرے لئے نہ ہو گی۔ البتہ ہو گی .... ایک چیز .... فقط .... ایک چیز .... اور وہ صرف تمہاری یاد ......! نہ معلوم یہ سب کچھ مجھے یاد رہے گا۔ یا فراموش کر بیٹھونگا۔ مگر .... اے سرمایہ حیات! "مجھے یاد رکھنا یا بھول جانا" تمہاری مرضی پر مبنی ہے۔

المترجمہ از اصغر علی میر
بی۔ اے۔ سٹوڈنٹ

غزل

(از قلم طاؤس پاپنوری تھرڈ ایئر)

روبرو اُن کے مجھے یارا نہیں تقریر کا
یہ ہے اِک ادنیٰ کرشمہ شومیٔ تقدیر کا

میرا دل اور تیری ان بیہودہ باتوں کا اثر!
ناصحا! کیا منتظر ہے وعظ کی تاثیر کا!!

کشورِ عشق و محبت میں جنوں ہے جہانگیر
بس نہیں چلتا یہاں یا ہوش کی تدبیر کا

بے سبب کرتا رہا ہیں شکوہ جور و جفا!
سنگدل پر کیا اثر ہو نالۂ شبگیر کا!

میں نگاہِ ناز کا مطلب نہیں سمجھا ابھی
تیر تھا صیاد کا یا وار تھا شمشیر کا

وہ تو مستِ ناز ہیں طاؤس ان کو کیا خبر
کس طرح دِل چور ہوتا ہے کسی دلگیر کا!

کیوں ٹھکرایا کسی کا — پریم

(۱)

کانتا جانتی ہو۔ پھر کیا ہوا؟ جب میں کل دریا پر گئی۔ چاندنی رات تھی[1]۔ آسمان پر تارے جگمگا رہے تھے۔ میری قسمت کا تارا ڈوب رہا تھا۔ میں نے اُس کو دیکھا۔ وہ نہانے سے فارغ ہو کر پنگھٹ پر چاندنی رات کا لطف لے رہا تھا۔ میں چپکے سے اُس کے پاس ہی بیٹھ گئی۔ اور —— میری آنکھوں میں نہ جانے کس قدر آنسو اُمڈ آئے۔

(۲)

آہ! مجھے وہ دِن یاد آتے ہیں۔ جب میں نے اُس کے پریم کو ٹھکرایا تھا —— اور آج اس نے میری طرف ایک بار بھی نظر اٹھا کر نہیں دیکھا —— میرا دل بے قابو ہو رہا تھا —— میں نے کانپتی ہوئی آواز میں کہا —— ”موہن“!

اُس نے بیرخی سے میری بات کا جواب تک نہ دیا —— وہ بُت کی طرح کھڑا رہا —— لیکن آنکھوں سے آنسو گرنے لگے —— اُس نے اپنی زبان سے کچھ نہ کہا —— لیکن نہ معلوم کس قدرتی جذبے سے متاثر ہو کر آخر اُس کی آنکھیں مجھ پر پڑیں۔

(۳)

—— بس اُس سے زیادہ اور کچھ نہیں —— میں پاپی ہوں —— کانتا سنو

---

[1] چاندنی رات میں اور صبح بہاراں میں اثرؔ۔ حسنِ معصوم فراواں نظر آتا ہے مجھے (جاوید)

میں تمہیں ایک اور واقعہ سناتی ہوں۔

وہ باغ میں ٹہل رہا تھا ——— کچھ گنگنا رہا تھا

میں کسی ضرورت کی وجہ سے باغ میں گئی ——— میں نے اُسے وہاں پایا ——— وہ بھی بہت خوش ہوا ——— ایک پھول توڑا ——— سونگھا ——— پھر میری طرف پھینک دیا میں نے پھول کی قدر نہ کرتے ہوئے ——— آہ! دور پھینک دیا۔ کانتا تم خود اندازہ لگا سکتی ہو کہ اسے کتنا دُکھ ہوا ہوگا ———۔

(۴)

کانتا! مجھے اچھی طرح یاد ہے ——— کہ جب میں سکول جاتی تھی ——— تو ہر روز مجھے دیکھنے آتا تھا ——— میں اُس کی پرواہ نہ کرتے ہوئے ——— اُس کی طرف ایک بار بھی نہ دیکھتی تھی ——— لیکن آج میں حیران ہوں ——— کہ وہ سادھو بن گیا ہے ——— نہ معلوم ——— کیوں؟

(۵)

اپنی کہانی کانتا کو سنائی ——— موہن نے میری طرف غور سے دیکھنا شروع کیا ——— میرا دِل بے قابو ہو رہا ہے ——— میں نے کانپتی ہوئی آواز میں کہا ——— "موہن"!

لیکن! آج وہ میری بات کا جواب ہی نہیں دیتا۔

آہ! اب آنکھوں سے آنسو جاری ہونے لگے ——— آنسو کیا جگر کے ٹکڑے قطرے بن کر دردِ نہانی ظاہر کرتے ہیں۔ ——— مگر زبان سے اُف تک نہ کی! ———۔

نرملا نے روتے ہوئے کہا ——— آہ پرمیشور! ——— میں کتنی پاپی ہوں! ——— کس قدر گنہگار ——— !! ———۔

کانتا نے تڑپتے ہوئے کہا ——— نرملا! ——— اب افسوس کرنے سے کیا حاصل؟

نرملا! نے روتی ہوئی آواز میں کہا ——— کانتا! اب میں کیا کرونگی ہے[1] ——— میری زندگی تباہ ہو رہی ہے ———

کانتا نے کہا ——— نرملا! کیوں ٹھکرا یا کسی کا پریم"

ترلوکی ناتھ تیکو رول نمبر ۵۶ فسٹ ایئر

——— ❊ ———

گلہائے رنگا رنگ

خیال حسن ہے سامانِ راحت بے نواؤں کا | فروغ صبح بنتا ہے چراغ شام ہوتا ہے

(وحشت کلکتوی)

ذروں میں کچھ کشش ہمیں محسوس ہو چلی | اے دل سنبھل کہ پیش نظر کوئے یار ہے

(دل شاہجہانپوری)

ارے او پوچھنے والے سبب میرے نہ ہنسنے کا! | مجھے مدت ہوئی رونا بھی اب آتا ہے مشکل سے

(جوش ملیح آبادی)

بخشدوں خون ابھی داورِ محشر اپنا!!!! | وہ یہ کہدیں اسے مارا ہے سمجھ کر اپنا!!!!

رشید لکھنوی

ہزاروں شوخیاں پھر شوخیوں میں سینکڑوں غمزے | تمہیں دنیا سے کیا مطلب کہ تم خود ایک دنیا ہو

(نوح ناروی)

فغاں میں درد۔ دعا میں اثر نہیں آتا!!!! | جو تم نہیں ہو تو کوئی ادھر نہیں آتا!!!!

جلیل لکھنوی

(رنگیلی)

[1] ٹوٹے جو کوہِ غم بھی زباں پر شکن نہ ہو۔ لغزش نہ ہو قدم میں جبیں پر شکن نہ ہو (جادو)

آرزوئے دِل

دل کو رازِ عشق سے پھر آشنا کرتے رہے اپنے جسم و جاں کو ہم صرفِ وفا کرتے رہے
ہستیٔ جذبات کی نشو و نما کرتے رہے اس نئی تحریک کو وقفِ بقا کرتے رہے

منزلِ دل میں امیدیں جلوہ برساتی رہیں
گیت کے نغموں سے سازِ دل کو تڑپاتی رہیں

دل ابھی تک تھا مرا نا آشنائے آرزو فطرتِ جذبات سے اب تک نہ تھا میں روبرو
میں بنا تھا صورت و تصویرِ حیرت ہو بہو تھا پہ پرواز کو میرا تجسس چار سو

جلوۂ تصویرِ فطرت نور برساتا رہا
آتشِ ذوقِ وفا کو اور بھڑکاتا رہا

جب کشاکش مذہب و ملت کی رخصت ہو گئی بہرہ ور مہر و وفا سے ساری خلقت ہو گئی
آشنا حُبِّ وطن سے جب طبیعت ہو گئی جو ہر راز نہاں کی وا حقیقت ہو گئی

میری ترکیبِ وفا اب تک تو محوِ خواب تھی
تازگی پھر اس میں آئی پیشتر بے آب تھی

جذبۂ ہمت ہے کافی سرفرازی کے لئے کوشش پیہم ہے لازم چارہ سازی کیلئے
شرط ہے نیرنگِ عشوہ جلوہ بازی کے لئے چشمِ بینا چاہیئے منظر طرازی کے لئے

جذبۂ مہر و وفا ہے باعثِ لطفِ حیات
ہے نہاں اسمیں ہی ہاں سرِ بقائے کائنات

پھر تخیل جسم میں ہشیار ہونے کے لئے پھونکتا ہے روح تو بیدار ہونے کے لئے
ولولے بیتاب ہیں اسرار ہونے کیلئے مضطرب ہے چشم دل خونبار ہونے کیلئے

عالم تقریر میں اب اک نئی تاثیر دیکھ!
اس چراغ کہنہ میں روشن تریں تنویر دیکھ

جوہر خون وفا رنگ چمن ہونے کو ہے تازہ و شاداب پھر باغ وطن ہونے کو ہے
دور سب یہ کشت و خوں رنج و محن ہونیکو ہے مژدہ آزادی کا اب زیب سخن ہونے کو ہے

صورت برق طپاں ہے جستجوئے دل مری!
ہو وطن آزاد یہ ہے آرزوئے دل مری!

پنڈت جیا لال برق کاشمیری

مختلف قوموں میں مزاج پرسی کے فقرے

۱۔ کیسے ہو۔ (انگریزی) ۲۔ کیسے گزرتی ہے۔ (فرانسیسی)
۳۔ کیونکر بسر ہوتی ہے (جرمنی) ۴۔ خدا تمہیں صبر عطا کرے۔ (روسی)
۵۔ تمہاری عمر دراز ہو (ہسپانی) ۶۔ آپ کو پسینہ تو خوب آتا ہے (مصری)
۷۔ تمہارا سایہ دراز ہو (ایرانی) ۸۔ تم پر سلامتی ہو (عربی)
۹۔ تم نے خوب کھایا ہاضمہ تو درست ہے (چینی) ۱۰۔ تمہارے خاندان پر امن کا سایہ ہو (عبرانی)
۱۱۔ تندرستی ہو۔ (افغانی) ۱۲۔ مزاج شریف (ہندوستانی)
۱۳۔ خوشیاں مناتے نظر آؤ ——— (یونانی)

محمد امین نحوی

سنٹ ایئر۔

سرگزشت زنبیل فروش

(رشید رضا کی کہانی اپنی زبانی!)

میرے والدین بڑے مفلوک الحال تھے۔ باوجود غریبی اور مسکینی کے وہ پرہیز گار نیکوکار تھے۔ مگر افسوس اُن کی مفلسی کے باعث میں تعلیم جیسی نعمت سے محروم رہا۔ اور زنبیل فروشی کا پیشہ اختیار کیا۔ تھوڑے عرصہ میں اس کام میں خوب مہارت حاصل کی اور اس ہنر میں تمام شہر کے اندر مشہور ہو گیا۔ اور خوب آمدنی ہوتی رہی۔ یہ ساری کمائی اپنے پیارے والدین کی خدمت میں پیش کرتا رہا۔ اور ہر طرح ان کی خاطر و مدارات کیا کرتا۔ آخر کار والدین کا سایہ سر پر سے اُٹھ گیا۔ میں اکیس برس کی عمر میں ایک شریف اور پاک دامن عورت سے شادی کی۔ اور قلیل عرصے میں اللہ کی مہربانی سے صاحب اولاد ہوا۔ گھر کی رونق بڑھی چہل پہل ہوئی مگر ساتھ ہی یہ زیادہ عیال واطفال وبال جان ہوا خرچ کے مطابق آمدنی میسر نہ ہوئی۔ دن گزارنے اور وقت کاٹنے میں سخت تکلیف اور کوفت ہونے لگی۔ اولاد کی خستہ حالت اور بیوی کی پژمردہ صورت دیکھ کر پریشان ہوتا اور اندر ہی اندر سے گھلے جاتا۔ کوئی صورت خوش حالی اور فارغ البالی کی نظر نہیں آتی تھی۔ حیران تھا کہ کیا کروں کس طرح معقول آمدنی کا ذریعہ حاصل ہو۔ تاکہ اہل وعیال کی مناسب طور پر پرداخت کر سکوں مگر بسا اوقات سعی وکوشش سے تقدیر کو بدلنا ناممکن ہوتا ہے۔ اور تدبیر کے تیروں پر تقدیر مضحکہ اڑاتی ہے۔ باوجود محنت وکوشش کے گدھ مردار ہی کھاتا ہے۔ اور ننھی ننھی شہد کی مکھی آرام طلبی کے ساتھ پھولوں اور شگوفوں پر بیٹھ کر خوب میٹھا میٹھا خوشبودار لعاب چوس لیتی ہے۔ اور خالص صاف وشفاف شہد پیدا کر کے لوگوں کو کھلاتی ہے۔ حرفت وصنعت سے فائدہ حاصل کرنے میں کوشاں رہا۔ اور تقدیر کی گرہ کو ناخن تدبیر سے برابر کھولنے میں مصروف رہا۔ ایک دن نہایت محنت اور جانفشانی سے ایک خوبصورت نفیس ٹوکری بنائی گلی کوچوں میں مارا مارا پھرتا رہا۔ مگر بدقسمتی سے زنبیل کا

گاہک نہ ملا۔ شام کو مایوس ہو کر غمگین خالی ہاتھ گھر واپس آیا۔ پہلے ہی دل خستہ تھا۔ بچوں کی بے قراری دیکھ کر جگر پاش پاش ہو گیا۔ پھوٹ پھوٹ کر رو دیا۔ ساری رات پریشانی میں گزری۔ صبح ہونے پر بیوی بولی۔ جاؤ میری قمیص بازار میں بیچ آؤ۔ جو کچھ آئے کھانے کا سامان اس سے لاؤ۔ بھوک کی شدت سے جان نکل رہی ہے۔ تاب و طاقت باقی نہیں، آخر کار عورت کی قمیص دو چار آنے میں فروخت کر کے کچھ آٹا چاول خرید کیا۔ اور گھر لایا۔ بیوی بچے بیقراری کی حالت میں انتظار کر رہے تھے۔ فوراً کھانا تیار کیا گیا۔ کھا پی کر فراغت حاصل کی۔ مگر میں نے بوجہ شدتِ قلق کے کچھ نہ کھایا۔ بلکہ مسجد کی راہ لی۔ وہاں جا کر وضو کیا۔ جوشِ ایمان کے ساتھ نماز پڑھ کر خدائے کریم سے دعا مانگی کہ اے عیال داروں کے غمخوار۔ بیکسوں کے چارہ کار۔ میرے کاروبار میں برکت دے۔ پھر ٹوکری کو اٹھا کر شہر کے چاروں طرف پھرا مگر کوئی گاہک ملنا تھا نہ ملا۔ کسی نے ٹوکری کی طرف نظر اٹھا کر بھی نہ دیکھا۔ بھوک کی شدت اور تھکان کی زحمت سے بالکل نڈھال ہو گیا تھا۔ اعضا چور چور ہو گئے تھے۔ مجبوراً جامع مسجد کے دروازے پہ بیٹھ گیا۔ تاکہ تھوڑی دیر آرام کروں اور اس رنج و تعب سے کچھ تسکین پاؤں۔ اسی اثنا میں موذن نے اذان دی لوگ جوق در جوق عبادت کیلئے آنے شروع ہو گئے۔ میں نے خیال کیا۔ کہ شاید کوئی اب ٹوکری کا خریدار پیدا ہو گا۔ مگر کیا دیکھتا ہوں۔ کہ تمام نمازی مسجد سے ایک ایک کر کے نکل گئے۔ اور خدا کی ذات کے سوا مسجد میں کوئی باقی نہ رہا۔ میں ایک گوشے میں بیٹھا ہوا پریشانی کے سمندر میں غوطے کھا رہا تھا۔ اپنی سراپا درگوں حالت اور بچوں کی بھوک کی شدت یاد کر کے دل ہی دل میں پیچ و تاب کھا رہا تھا۔ کہ اچانک ایرانی وضع قطع کا ایک آدمی جس کے چہرے سے وقار کے آثار نمودار تھے مجھ کو اس پریشانی کی حالت میں دیکھ کر کہنے لگا۔ اے دوست معلوم ہوتا ہے۔ کہ تو نے اپنی حالت شراب پی پی کر تباہ کر رکھی ہے۔ اور برے کاموں میں مبتلا ہو کر تیرا جامِ حیات عنقریب لبریز ہونے والا ہے۔ کیونکہ تمہارے جسمانی قویٰ الحطاط پذیر ہو چکے ہیں۔ اور رنگِ رخسار زعفران زار کا منظر پیش کر رہا ہے۔ ناظرین! دنیا عجیب پیکرِ استعجاب و حیرت ہے۔ میں روٹی کا محتاج میرے ننھے بچے ٹکڑوں کے لئے ترس رہے ہیں۔ اور یہ میاں مجھ کو شرابی۔ کبابی اور بدچلن کا خطاب دے رہے ہیں اس بات سے مجھے بے ساختہ ہنسی آئی اور میں نے کہا جناب کا اسم شریف؟ وہ آدمی کہنے لگا۔ میرا نام شیخ مسعودی ہے۔ میں نے کہا حضرت میرا رنگِ رخسار شراب کے اثر سے زعفرانی نہیں بلکہ صدماتِ روزگار اور انقلابِ لیل و نہار نے یہ حالت بنا دی ہے۔ کہ حیاتِ عزیز جیسی نعمت بے بہا رخصت ہونے کو ہے

جس طرح ایک نیم بسمل مُرغ تڑپتا اور لوٹتا ہے۔ مگر بظاہر رقصاں نظر آتا ہے۔ اُسی طرح میری موجودہ صورت زخمی جگر اور شکستہ دل کی نمائش ہے۔ نہ کہ شراب کے اثر کا نتیجہ۔ دو روز سے بھوکا ہوں بیوی بچوں کا دکھ سب سے زیادہ جانکاہ ہے۔ غرض میاں مسعودی کو سارا ماجرا سنایا۔ پھر اور دبھرا قصہ سنکر درہ۔ آب دیدہ ہوا پھر کہنے لگا۔ خدا کا شکر ہے۔ کہ میں تمہاری مدد کر سکتا ہوں۔ یہ کہکر فوراً ایک تھیلا جو اشرفیوں سے پُر تھا میرے حوالہ کیا۔ اور کہا جاؤ بازار سے کھانے پینے کا سامان خریدو اور بچوں کو کھلاؤ۔ اس تھیلے میں جو رقم ہے وہ تم کو ایک سال کیلئے کافی ہوگی۔ جاؤ کھاؤ پیو۔ مزے اڑاؤ سال آئندہ آج کے روز مجھسے یہاں ہی ملو۔ میں تمہاری مدد کروں گا۔ قبل اس کے کہ میں اس کا شکریہ بجالاتا وہ چل پڑا۔ جب میں اکیلا مسجد میں باقی رہا۔ تو میں نے سوچا شاید ایک خواب ہے۔ مصیبت میں کون کسی کا مددگار ہوتا ہے۔ لیکن ہمیانی کو دیکھ کر یہ خیال جاتا رہا۔ پھر میں نے ہمیانی کو کھولا اور نقدی کو گنا تو سو اشرفیاں برآمد ہوئیں تب تو میری خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی۔ جلدی سے اُٹھکر بازار کی طرف روانہ ہوا۔ آٹا چاول اور دیگر سامان خرید کیا۔ اور ان سب چیزوں کو ٹوکرے میں رکھ کر گھر کا رُخ کیا۔ جب دروازے پر پہنچا۔ تو بچوں کے جگر خراش نالے سنے۔ جو بھوک کی شدت سے مضطرب ہو رہے تھے۔ اُن کی ماں ان کو یہ کہکر تسکین دے رہی تھی۔ میرے پیارے بچو میں تمہارے قربان جاؤں۔ دیکھو دوست ابھی تمہارے ابا تمہارے واسطے کھانے کا سامان لائینگے۔ تو تم مزے سے سیر ہو کر کھانا۔ یہ باتیں سنکر میں نے باہر ہی سے پکار کر کہا۔ بچو! تمہاری ماں سچ کہتی ہے۔ گھر میں جلدی داخل ہو کر سامان کا بھرا ہوا ٹوکرا ان کے سامنے رکھ دیا۔ اور اشرفیاں بھی آگے رکھ دیں۔ لیکن میری بیوی خوش ہونے کی بجائے ناراض ہوئی اور کہنے لگی۔ کہ خدا کیلئے یہ تو بتاؤ کہ یہ رقم کہاں سے لائے ہو۔ تجھ سے غریب اور مفلس شخص کو اتنی اشرفیاں کہاں سے ملیں معلوم ہوتا ہے کہ کسی شخص کو خاک میں ملا کر آئے ہو کسی کے گھر کو لوٹ کر اپنے گھر میں عیش و عشرت لوٹنا چاہتے ہو۔ چوری کر کے ڈاکہ مار کر عیش منانا ہمکو ہرگز ہرگز منظور نہیں۔ فاقوں پر فاقے برداشت کرنا اور بھوک سے مرنا بہتر مگر۔ چوری کا مال کھانا حرام نیک خصلت اور پارسا بیوی سے یہ کلام سنکر میں ہنس پڑا اور کہا کہ میاں مسعودی کی جان و مال کو دُعا دو۔ بیوی نے جب یہ صداقت بھری داستان سُنی۔ خوشی سے اُچھل پڑی اور اپنے مربی اور محسن کو بے شمار دعائیں دیں۔ غرض یہ تمام سال نہایت عیش و آرام میں گزرا اور خدا کی عبادت میں بسر کیا سال کے اختتام پر میں حسب وعدہ مسجد میں وقتِ مقررہ پر پہنچا نماز ادا کی چند لمحوں کے بعد میاں مسعودی

مسکراتے مسکراتے آتے ہوئے نظر آئے۔ اس محسن کو دیکھ کر دل باغ باغ ہو گیا۔ میں نہایت محبت وانکساری سے آداب بجالایا۔ اُس نے میری اور بال بچوں کی خیریت دریافت کی میں نے عرض کیا کہ حضور کی عنایت و پرورش سے دن عید اور رات شبِ برات ہے۔ میاں مسعودی نے کہا بیٹے سنو اور یاد رکھو کہ اس دنیا کی مصیبتوں اور گوناگوں آفتوں پر صبر کرنا آدمی کیلئے ضروری ہے۔ اور شیوۂ اولوالعزمی اور بہادری یہی ہے۔ ورنہ ؎

مشکلے نیست کہ آساں نشود
مرد باید کہ ہراساں نشود!

